**ویکسین سے متعلق معلومات کا بیان**

Many Vaccine Information Statements are available in Urdu and other languages. See www.immunize.org/vis


ٹیکے کی معلومات کے بہت سارے بیانات اردو اور دوسری زبانوں میں دستیاب ہیں۔ www.immunize.org/vis کریں مالحظہ

# ریکومبیننٹ زوسٹر (شنگلز) ویکسین: *آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے*

## 1. ویکسین کیوں لگوائیں؟

**ریکومبینینٹ زوسٹر** (**شِنگلز**) **ویکسین شنگلز** سے بچا سکتی ہے۔

**شِنگلز** (جسے ہرپس زوسٹر یا صرف zoster بھی کہا جاتا ہے) جلد کی ایک دردناک خارش ہے، جو عام طور پر چھالوں کے ساتھ ہوتی ہے۔ خارش کے علاوہ، شنگلز بخار، سر درد، سردی لگنے، یا پیٹ کی خرابی کا سبب بن سکتے ہیں۔ شاذ ونادر ہی، شنگلز نمونیا، سماعت کے مسائل، اندھے پن، دماغ کی سوزش (انسیفلائٹس) یا موت جیسی پیچیدگیوں کا باعث بن سکتے ہیں۔



عمر بڑھنے کے ساتھ شنگلز کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ شنگلز کی سب سے عام پیچیدگی طویل مدتی اعصابی درد ہے جسے پوسٹ ہرپیٹک نیوریلجیا (PHN) کہا جاتا ہے۔ PHN ان حصوں میں ہوتا ہے جہاں شنگلز کے ددورے تھے اور ددورے کے دور ہونے کے بعد مہینوں یا سالوں تک باقی رہ سکتے ہیں۔ PHN سے ہونے والا درد شدید اور کمزور کرنے والا ہو سکتا ہے۔

عمر بڑھنے کے ساتھ PHN کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ شِنگلز والے ایک عمر دراز بالغ میں PHN پیدا ہونے کا زیادہ امکان ہوتا ہے اور اسے کم عمر شخص کی نسبت زیادہ دیرپا اور زیادہ شدید درد ہوتا ہے۔

کمزور مدافعتی نظام والے لوگوں کو بھی اس بیماری سے شنگلز اور پیچیدگیاں ہونے کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔

شنگلز ویریسیلا زوسٹر وائرس کی وجہ سے ہوتا ہے، وہی وائرس جو چکن پاکس کا سبب بنتا ہے۔ چکن پاکس ہونے کے بعد، وائرس آپ کے جسم میں رہتا ہے اور بعد میں زندگی میں شنگلز کا سبب بن سکتا ہے۔ شنگلز ایک شخص سے دوسرے میں منتقل نہیں ہو سکتے، لیکن وہ وائرس جو شنگلز کا سبب بنتا ہے، پھیل سکتا ہے اور کسی ایسے شخص میں چکن پاکس کا سبب بن سکتا ہے جسے کبھی چکن پاکس نہیں ہوا ہو یا اسے کبھی چکن پاکس کی ویکسین نہیں ملی۔

## 2. ریکومبیننٹ شنگلز ویکسین

ریکومبیننٹ شنگلز ویکسین شنگلز کے خلاف مضبوط تحفظ فراہم کرتی ہے۔ شنگلز کو روکنے سے، ریکومبیننٹ شنگلز ویکسین PHN اور دیگر پیچیدگیوں سے بھی بچاتی ہے۔

ریکومبیننٹ شنگلز ویکسین ان کے لیے تجویز کی جاتی ہے:

- **50 سال اور اس سے زیادہ عمر کے بالغ**
- **19 سال یا اس سے زیادہ عمر کے بالغ افراد جن کا مدافعتی نظام بیماریوں یا علاج کی وجہ سے کمزور** ہے

شنگلز ویکسین دو خوراکوں کی سیریز کے طور پر دی جاتی ہے۔ زیادہ تر لوگوں کے لیے، دوسری خوراک پہلی خوراک کے 2 سے 6 ماہ بعد دی جانی چاہیے۔ کچھ لوگ جن کا مدافعتی نظام کمزور ہے یا ہو گا وہ پہلی خوراک کے 1 سے 2 ماہ بعد دوسری خوراک لے سکتے ہیں۔ رہنمائی کے لیے اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے پوچھیں۔

جن لوگوں کو ماضی میں شنگلز ہو چکے ہیں اور جن لوگوں کو وریسیلا (چکن پاکس) کی ویکسین ملی ہے ان کو ریکومبیننٹ شنگلز ویکسین لگوانے کی سفارش کی جاتی ہے۔ ویکسین ان لوگوں کے لیے بھی تجویز کی جاتی ہے جو پہلے ہی شِنگلز ویکسین کی ایک اور قسم، لائیو شِنگلز ویکسین حاصل کر چکے ہیں۔ ریکومبیننٹ شنگلز ویکسین میں کوئی زندہ وائرس نہیں ہے۔

شِنگلز ویکسین دوسری ویکسین کے ساتھ ایک ہی وقت میں دی جا سکتی ہے۔

U.S. Department of Health and Human Services
Centers for Disease Control and Prevention

## 3. اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں

اپنے ویکسین فراہم کنندہ کو بتائیں اگر جو شخص ویکسین لے رہا ہے اسے:

- **ریکومبینینٹ شنگلز ویکسین کی پچھلی خوراک کے بعد الرجی زا ردِعمل ہوا ہے**، یا کوئی **شدید، جان لیوا الرجیاں ہوں**
- **فی الحال شنگلز کے ایک وقوعے کا سامنا ہو**
- **حاملہ ہو**

کچھ معاملات میں، آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ مستقبل کی کسی ملاقات تک شنگلز ویکسینیشن کو ملتوی کرنے کا فیصلہ کر سکتا ہے۔

نزلے جیسی معمولی بیماریوں میں مبتلا افراد کو، ویکسین لگائی جا سکتی ہے۔ جو لوگ تھوڑے بہت یا شدید بیمار ہیں انہیں عام طور پر ریکومبیننٹ شنگلز ویکسین لگوانے سے پہلے صحت یاب ہونے تک انتظار کرنا چاہیے۔

آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ آپ کو مزید معلومات فراہم کر سکتا ہے۔

## 4. ویکسین کے ردِعمل کے خطرات

- ریکومبیننٹ شنگلز ویکسین کے بعد ہلکے یا درمیانے درد کے ساتھ بازو کا دُکھنا بہت عام ہے۔ انجکشن کی جگہ پر لالی اور سوجن بھی ہو سکتی ہے۔
- تھکاوٹ، پٹھوں میں درد، سر درد، کپکپاہٹ، بخار، پیٹ میں درد، اور متلی ریکومبیننٹ شنگلز ویکسین کے بعد عام ہیں۔

یہ ضمنی اثرات عارضی طور پر ویکسین شدہ شخص کو باقاعدہ سرگرمیاں کرنے سے روک سکتے ہیں۔ علامات عام طور پر 2 سے 3 دن میں خود ہی ختم ہو جاتی ہیں۔ آپ کو پھر بھی ریکومبیننٹ شنگلز ویکسین کی دوسری خوراک ملنی چاہیے خواہ آپ کو پہلی خوراک کے بعد ان میں سے کوئی ایک ردِعمل ہوا ہو۔

Guillain-Barré syndrome (GBS)، اعصابی نظام کا ایک سنگین عارضہ، ریکومبیننٹ زوسٹر ویکسین کے بعد بہت کم رپورٹ ہوا ہے۔

لوگ بعض اوقات طبی طریقہ کار، بشمول ویکسینیشن کے بعد بیہوش ہو جاتے ہیں۔ اگر آپ کو چکر آ رہا ہے یا آپ کی بصارت میں تبدیلی آئی ہو یا کانوں میں گھنٹیاں بج رہی ہوں تو اپنے فراہم کنندہ کو بتائیں۔

کسی بھی دوا کی طرح، ویکسین کے شدید الرجی زا ردِعمل، دیگر سنگین چوٹ، یا موت کا باعث بننے کا بہت کم امکان ہوتا ہے۔

## 5. اگر کوئی سنگین مسئلہ ہو تو کیا ہو گا؟

ویکسین شدہ شخص کے کلینک سے نکلنے کے بعد الرجی زا ردِعمل ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کو شدید الرجی زا ردِعمل کی علامات نظر آئیں (چھپاکی، چہرے اور گلے میں سوجن، سانس لینے میں دشواری، دل کی تیز دھڑکن، چکر آنا، یا کمزوری)، تو **9-1-1** کو کال کریں اور اس شخص کو قریبی ہسپتال لے جائیں۔

دیگر ایسی علامات کے لیے، جو آپ کے لیے تشویش کا باعث ہوں، اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو کال کریں۔

ویکسین کے ناموافق واقعہ کے رپورٹنگ سسٹم (Vaccine Adverse Event Reporting System, VAERS) کو منفی ردِعمل کی اطلاع دی جانی چاہیے۔ آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ عام طور پر یہ رپورٹ درج کرائے گا، یا آپ خود بھی کرا سکتے ہیں۔ VAERS ویب سائٹ **www.vaers.hhs.gov** پر ملاحظہ کریں یا **1-800-822-7967** پر کال کریں۔ *VAERS صرف ردِعمل کی اطلاع دینے کے لیے ہے، اور VAERS کے عملے کے اراکین طبی مشورہ نہیں دیتے ہیں۔*

## 6. میں مزید کیسے جان سکتا ہوں؟

- اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے پوچھیں۔
- اپنے مقامی یا ریاستی محکمۂ صحت کو کال کریں۔
- ویکسین پیکج کی پرچی اور اضافی معلومات کے لیے فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (Food and Drug Administration, FDA) کی ویب سائٹ یہاں ملاحظہ کریں **www.fda.gov/vaccines-blood-biologics/vaccines**۔
- بیماریوں کے کنٹرول اور روک تھام کے مراکز (Centers for Disease Control and Prevention, CDC) سے رابطہ کریں:
  - کال کریں **1-800-232-4636 (1-800-CDC-INFO)** پر یا
  - CDC کی ویب سائٹ **www.cdc.gov/vaccines** ملاحظہ کریں۔

Urdu translation provided by Immunize.org